بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ماڈل پیپر ۲۰۲۶ء

اردو (آسان) (پرچہ دوم)

کل نشانات : ۸۰ | (تمام گروپس کے لیے) | وقت : ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

حصہ 'ب' (مختصر جواب کے سوالات) (نشانات : ۴۰)

ہدایات:۔ تمام سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر کہانی تحریر کیجیے۔ ۱۰

☆ اتفاق میں برکت ☆ جیسی کرنی ویسی بھرنی ☆ سانچ کو آنچ نہیں ☆ بدی کا انجام

> اس سوال میں کہانی کے لیے چار عنوانات دیے جائیں گے جن میں سے کسی ایک عنوان پر کہانی لکھنا ہوگی۔

۳۔ دو دوستوں کے درمیان روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی کی صورت حال پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۱۰

یا

استاد اور شاگرد کے درمیان امتحان کے مسئلے پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

> اس سوال میں مکالمہ لکھنے کے لیے دو عنوانات دیے جائیں گے جن میں سے کسی ایک عنوان پر تحریر کرنا ہوگا۔

۴۔ اپنے دوست کو خط لکھ کر کراچی کے تفریحی مقامات کو دیکھنے کی دعوت دیجیے۔ ۱۰

یا

کسی اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے حوالے سے عوام کو درپیش پریشانیوں کا ذکر کیجیے۔

> اس سوال میں خط لکھنے کے لیے ایک رسمی اور دوسرا غیر رسمی عنوان دیا جائے گا جن میں سے کسی ایک عنوان پر خط تحریر کرنا ہوگا۔

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔ ۱۰

(i) Nature guards her secrets very cleverly. After centuries of toil and discovery, man still knows only a very small fraction of what there is to know. After centuries of attempts to master the forces of Nature, they are not fully tamed or harnessed. Her power to destroy the work of man still remains supreme.

(ii) For seven long weeks the siege went on. Food began to run short. One might have expected that this would have led to discontent or even to open mutiny, specially in a force where the men differed in race, religion and language. But this was no the case. The men put up with the hardships of the siege without complaint.

> اس سوال میں نصابی کتاب سے کوئی دو انگریزی پیراگراف دیے جائیں گے جس میں سے کسی ایک کا اردو ترجمہ کرنا ہوگا

حصہ 'ج' (تفصیلی جواب کے سوالات) (نشانات : ۴۰)

۶۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر سوالات کے جواب تحریر کیجیے۔ ۲۰

"بعض لوگ تو صرف کتابوں کے پڑھنے کے شوق میں دور دراز ملکوں کا سفر کرتے ہیں اور وہاں کے مشہور کتب خانوں کا مطالعہ کرتے ہیں۔ علی گڑھ تحریک کے مشہور بانی سرسید نے برطانیہ کے سفر میں یہ غرض بھی رکھی تھی کہ وہ برطانیہ کی لائبریریوں میں جا کر ان کتابوں کا مطالعہ کریں گے جو سوائے وہاں کے اور کہیں نہیں ملتی تھیں وہ سال بھر تک مسلسل لندن کی لائبریریوں میں کتابوں کا مطالعہ کرتے رہے۔"

(الف) مندرجہ بالا عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے: ۴

(ب) علی گڑھ تحریک کے بانی کون تھے؟ ۴

(ج) سرسید نے کس ملک کا سفر کیا؟ ۴

(د) سرسید نے برطانیہ کے کتب خانوں میں کتنے عرصے کتب بینی کی ہے: ۴

مندرجہ بالا عبارت کا اپنے الفاظ میں خلاصہ تحریر کیجیے: ۴

نصابی کتاب سے کوئی ایک عبارت دی جائے گی جس میں سے تین سوالات عبارت سے متعلق، ایک سوال عنوان تجویز کرنے کے لیے اور ایک سوال خلاصہ تحریر کرنے کے لیے دیا جائے گا

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے: ۲۰

☆ ایک یادگار واقعہ ☆ میری پسندیدہ کتاب ☆ معاشرے میں انصاف ضروری ہے ☆ اگر میں صدر پاکستان ہوتا

> اس سوال میں چار عنوانات بالترتیب بیانیہ، اظہاریہ، فکریہ اور تصوریہ مضمون لکھنے کے لیے دیے جائیں گے جن میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون تحریر کرنا ہوگا۔

----------xxxxxx----------

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ماڈل پیپر ۲۰۲۶ء

اردو (آسان) (پرچہ دوم)

کل نشانات: ۲۰ (تمام گروپس کے لیے) وقت : ۲۰ منٹ

حصہ 'الف' (کثیرالانتخابی سوالات) (نشانات: ۲۰)

نوٹ: (i) اس حصّہ میں ۲۰ جزوی سوالات ہیں۔ تمام جزوی سوالات کے جوابات مطلوب ہیں اور ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔
(ii) سوال یا اس کا جز و امتحانی کاپی میں نقل مت کیجیے۔ سوال کے اصل نمبر اور جزو کے سامنے صرف مکمل جواب تحریر کیجیے۔

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب منتخب کیجیے:۔

i) فورڈ کا کارخانہ اس ملک میں واقع ہے:
☆ چین ☆ ترکی ☆ امریکا ☆ برطانیہ

ii) اپنے مقصد کے حاصل کرنے کے لیے ذرائع کا ڈھونڈنا اور ان سے فائدہ اٹھانے کا نام یہ ہے:
☆ تدبیر ☆ تکنیک ☆ تقدیر ☆ تلاش

iii) ''پھیل جاؤ زمین پر اور خدا کا رزق تلاش کرو'' یہ اس سورۃ کی ایک آیت کا مفہوم ہے:
☆ سورۃ الاعراف ☆ سورۃ جمعہ ☆ سورۃ رعد ☆ سورۃ الاخلاص

iv) تمہید، اصل موضوع اور اختتام یعنی بحث کا مختصر نتیجہ اس صنف ادب کے حصے ہیں:
☆ مضمون نگاری ☆ کالم نگاری ☆ مکتوب نگاری ☆ مکالمہ نویسی

v) اس سے بڑھ کر انسان کا کوئی دوست نہیں:
☆ دولت ☆ شہرت ☆ کتاب ☆ حسن

vi) علی گڑھ تحریک کے بانی یہ ہیں:
☆ مولانا حالی ☆ سرسید احمد خان ☆ مولانا محمد حسین آزاد ☆ ڈپٹی نذیر احمد

vii) ٹیپو مستان شاہ کا مزار یہاں واقع ہے:
☆ میسور ☆ بریلی ☆ دہلی ☆ آگرہ

viii) یہ ایک مشہور انگریز سپہ سالار تھا جو ٹیپو سلطان سے لڑا:
☆ ڈبلیو ڈبلیو ہنٹر ☆ ہٹلر ☆ لارڈ ماؤنٹ بیٹن ☆ کرنل بیلی

ix) Punctuation کو اردو میں کہتے ہیں کہانی لکھنے اور کہانی سنانے کے لیے ضرورت ہوتی ہے:
☆ رموزِ اوقاف ☆ استعارہ ☆ محاورہ ☆ روزمرہ

x) اس کا ترجمہ لفظ بہ لفظ نہیں ہوسکتا:
☆ محاورہ ☆ جملہ ☆ براہ راست جملہ ☆ بالواسطہ جملہ

xi) اس کی ایجاد انسانی عقل کے عجیب کمالات میں سے ہے:
☆ بلب ☆ ہوائی جہاز ☆ ٹیلی فون ☆ ریڈیو

xii) کونٹ زیپلن کا تعلق اس ملک سے تھا:
☆ فرانس ☆ جرمنی ☆ کینیڈا ☆ برطانیہ

xiii) امریکا نے اس گیس کی دریافت کی:
☆ ہائیڈروجن ☆ نائٹروجن ☆ آکسیجن ☆ ہیلیم

xiv) اچھی کہانی لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ پہلے ہی سے دماغ میں ہو:
☆ نقشہ ☆ کردار ☆ مکالمہ ☆ تقریر

xv) مکالمے کو دل چسپ بنانے کے لیے ضروری ہے کہ کوئی بھی کردار یہ نہ کرنے لگے:
☆ تکرار ☆ تقریر ☆ بحث ☆ شرارت

xvi) آدھی ملاقات اس صنفِ ادب کو کہا جاتا ہے:
☆ مکالمہ نگاری ☆ خاکہ نگاری ☆ مکتوب نگاری ☆ مضمون نگاری

xvii) نصاب میں شامل منشی حبیب اللہ خان کے نام ان کا لکھا ہوا خط ہے:
☆ سرسید احمد خان ☆ مولانا حالی ☆ مرزا غالب ☆ مولانا محمد حسین آزاد

xviii) یہ صنفِ ادب کسی نتیجے پر ختم ہوتی ہے، کہانی کی طرح یکا یک ختم نہیں ہوتی:
☆ مکالمہ نویسی ☆ خطوط نویسی ☆ ترجمہ نویسی ☆ خلاصہ نویسی

xix) خلاصہ مضمون یا عبارت کا اتنا حصہ ہونا چاہیے:
☆ ایک تہائی ☆ دوتہائی ☆ دوگنا ☆ مختصر

xx) بھالو کی مرغوب غذا ہے:
☆ گوشت ☆ مچھلی ☆ شہد ☆ انڈا

----------xxxxxx---------